**جناب قربان علی شاہ :** دوسری بات یہ ہے کہ زرعی بنک کے افسران جس بے دردی سے سندھ کے کاشتکاروں کی کھال کھینچتے میں مصروف ہیں - اس کے میرے پاس بے انتہا ثبوت موجود ہیں سب سے بڑا ثبوت تو ہمارے ساتھی سینٹر سید قمرالزماں شاہ بیٹھے ہوئے ہیں - میں آپ کو ایک ادنی سی مثال دیتا ہوں کہ ایک آدمی نے سرے سے زرعی بنک سے قرض ہی نہیں لیا اور کسی اور آدمی نے اس کی جگہ جھوٹے کاغذات بنا کر - جھوٹے دستخط کر کے اور دوسرا کوئی فوٹو لگا کر - اس کی تصدیق کر کے زرعی بینک سے قرضہ لے لیا اور اُس کی زمین mortgage کر دی گئی بعد میں جب اصلی مالک کو پتہ چلا کہ قرضہ جو ہے وہ تو دوسرے آدمی نے لیا ہے اور زمین اس کی رہن رکھ دی ہے تو اُس نے کئی applications دیں - کچھ نہ ہوا -

بالاخر اس نے سینٹر قمر الزمان شاہ صاحب کو جوکہ زرعی بینک کی ایک کمیٹی پر ہیں ، approach کیا اور انہوں نے بینک کے افسروں کو ایک لیٹر لکھا - کہ یہ بڑی زیادتی ہے ایک آدمی نے قرضہ سرے سے لیا ہی نہیں ہوا نہ اُس کے دستخط ہیں - نہ اُس کا فوٹو ہے - اس کی بجائے کسی اور جعلی آدمی نے قرضہ لیا ہے - لیکن اُن کے لیٹر پر بھی کوئی شنوائی نہیں ہوئی - تو یہ صورت حال ہے اس کے علاوہ اور بھی کئی مثالیں ہیں -

جناب والا ! خواجہ محمد صفدر صاحب نے کسی زمانے میں مغربی پاکستان اسمبلی میں کہا تھا - مجھے اُن کے الفاظ یاد ہیں میں اس وقت طالب علم تھا -

**Mr. Chairman :** Sorry I was not quite attentive.

جب آپ طالب علم تھے تو کیا ہوا تھا ، خواجہ صاحب نے کیا فرمایا تھا ؟

**جناب قربان علی شاہ :** میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ممبر صاحب نے کہا ہے کہ میں اس موشن کو withdraw کرلوں - تو میں اس سلسلے میں کچھ معروضات عرض کر رہا تھا -

**جناب چیئرمین :** وہ میں نے سن لیا کسی زمانے میں کسی صاحب نے کیا کہا تھا ؟

**جناب قربان علی شاہ :** حضور والا ! خواجہ محمد صفدر صاحب جو اس وقت قائد حزب اختلاف تھے اور آپ قائد ایوان تھے انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ ''یوں تو اس دور میں ہر آفیسر کسی فرعون سے کم نہیں'' پھر انہوں نے ایک افسر کا نام لیتے ہوئے کہا ''لیکن یہ اس دور کا سب سے بڑا فرعون ہے'' - میں وہی الفاظ دہراتا ہوں کہ یوں تو موجودہ دور میں بھی ہمارے آفیسر کسی فرعون سے کم نہیں لیکن زرعی بینک کے افسران سب بڑے فرعون ہیں - جو عوامی نمائندوں کی بھی نہیں سنتے میں اس سلسلے میں ایک سرکاری اخبار ''الهلال'' کا آڈیٹوریل اور مختلف خبریں پیش کرتا ہوں - اس کے بعد اگر منسٹر صاحب یقین دہانی کرائیں گے تو مجھے اعتراض نہیں ہے - لیکن کم سے کم وہ سن تو لیں - کیوں کہ جب ہم یہ شکایات لے کر وزراء صاحبان کے پاس جاتے ہیں تو بدقسمتی سے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ان پر کام کا بوجھ بھی اتنا زیادہ ہے کہ وہ ہماری شکایات بھی نہیں سن سکتے اور دوسری طرف جب ہم اپنے علاقوں میں جاتے ہیں - تو بار بار ہمیں لوگ پکڑتے ہیں کہ آپ یہ مسائل وہاں کیوں پیش نہیں کرتے ابھی حال ہی میں سندھ کے وزیر اعلیٰ جب صوبے کے دورے پر نکلے تو جگہ جگہ شکایات کی گئیں کہ زرعی بینک والے قرضے دینے میں - - -

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین نے کرسی صدارت سنبھالی)

**جناب قربان علی شاہ :** - - - - بیس فیصد رشوت لیتے ہیں سندھ میں - کیا آپ اعتبار کریں گے ؟ میں اس سلسلے میں ہلال پاکستان اخبار کے کچھ اقتباس پڑھ کر سناتا ہوں - میرے سامنے یہ ۲۰ جون ۱۹۷۸ء کا ہلال اخبار ہے - انگلش کا Editoral ہے - میں اس کے خاص خاص حصے آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں -

> "It is reported that quite a large number of the Managers of Agricultural Development Bank and the Commercial Banks are indulging in extortion by demanding 25 per cent of the loans. Instances have been reported where the officers of the House Building Finance Corporation . . . ."

یہ تو ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کے متعلق ہے - - - -

**جناب خورشید حسن میر :** میں معزز سینیٹر سے التماس کرتا ہوں کہ جتنی شکایات ان کی توجہ میں آئی ہیں - اگر وہ مہربانی فرما کر تحریر کر کے مجھے عنایت کردیں تو میں انہیں یقین دلاتا ہوں - - - اور اگر انہیں اس سلسلے میں سٹینو گرافر یا ٹائپسٹ کی خدمات کی ضرورت ہو تو میں وہ بھی مہیا کر دیتا ہوں اور وہ تمام شکایات جو مجھے وہ لکھ کر دیں گے ان کے ساتھ میں خود اپنا نوٹ لگا کر براہ راست زرعی ترقیاتی بینک کے جنرل مینجر کو لکھوں گا کہ وہ ان کی تفتیش کرائیں اور اس کے نتائج سے پھر معزز ممبر کو مطلع کریں -

**جناب قربان علی شاہ :** میں اس پیشکش کو قبول کرنے میں اجتناب نہیں کرتا لیکن دو ، تین چیزیں میں آپ کے توسط سے منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** اگر آپ اس موشن کے discuss کیے جانے پر Insist کریں گے تو کوئی عذر نہیں ہے بات ہوسکتی ہے - لیکن جو Statement منسٹر صاحب نے دی ہے وہ on behalf of Finance Minister دی ہے - تو اس صورت میں جو Individual شکایت ہیں اگر آپ مناسب سمجھتے ہیں تو ان کے سامنے رکھیں - کیوں کہ اجتماعی شکایات کے متعلق تو آپ کو پتہ ہے کہ گورنمنٹ نے کچھ انتظامات کیے ہیں - ان انتظامات کے بعد اب Individual شکایات جو ہیں - - - -

**جناب قربان علی شاہ :** مجھے اعتراض نہیں ہے - ویسے میں صرف اتنی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ انفرادی شکایات کسی ایک مینجر کے خلاف نہیں ہیں - بلکہ میں یہ کہوں گا کہ پورے سندھ میں زرعی بینک کے ایسے افسروں کی تعداد آٹے میں

نمک کے برابر ہوگی جو کہ رشوت نہ لیتے ہوں - وگرنہ ۲۰ فیصد رشوت لینے کا عام رواج ہے -

(مداخلت)

جناب قربان علی شاہ : بہرحال میر صاحب وعدہ کرتے ہیں تو میں یہ عرض کروں گا کہ اگر لوگ ہمیں یعنی عوامی نمائندوں کو آ کر شکایت کرتے ہیں کہ صاحب فلاں کیس میں فلاں آفیسر نے ہم سے ۲۰ فیصد رشوت لی ہے - تو ہم عوامی نمائندے اتنے بے بس ہیں کہ ان کے خلاف کوئی کارروائی کرنے کے قابل نہیں - میر صاحب صرف یہ یقین دہانی کرا دیں کہ آئندہ اگر ایسے Instances پیدا ہوں کہ جن کی ہم تحریری شکائیت کریں کہ فلاں زرعی بینک کے آفیسر نے بیس یا پچیس فیصد رشوت فلاں کیس میں لی ہے تو کم سے کم اُس کے خلاف کارروائی ہوگی - پھر میں اس پر تیار ہوں کہ اپنی موشن واپس لے لوں - لیکن مجھے اس سلسلے میں نہ صرف لوگوں نے بلکہ صوبائی اسمبلی کے ممبروں نے بھی مجبور کیا ہے کہ میں یہ مسئلہ چونکہ مرکز سے تعلق رکھتا ہے اس لیے میں اسے یہاں اس ایوان میں اٹھاؤں - بہرحال میر صاحب کا حکم سر آنکھوں پر - تاہم میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں کہ بہتر تو یہ ہے کہ ان زرعی بینک کے افسران کا Standard of living جانچا جائے تو پھر آپ کو پتہ چلے گا کہ کراچی میں زرعی بینک کے بڑے بڑے افسران عام طور پر ریس کلب میں ریس کھیلتے ہوئے ملتے ہیں Night clubs میں ملتے ہیں - حیدر آباد میں سارڈ نیا ایک Air Conditioned ہوٹل ہے وہاں ان کے کمرے book ہوئے ہوتے ہیں - کاڑیاں ان کے پاس ہیں - ان کی مختصر سی تنخواہ سے تو یہ سب کچھ نہیں ہوسکتا - یہ ان پر سے کہاں سے برس رہا ہے - کیا ان کے ہاتھ کوئی اللہ دین کا چراغ لگ گیا ہے - یا وہ صرف کاشتکاروں کی کھال کھینچ کر اُس میں بھوسہ بھرنے میں مصروف ہیں - تو میں اپنی طرف سے ، سندھ کے غریب کاشتکاروں کی طرف سے بلکہ سارے پاکستان کے کاشتکاروں کی طرف سے میر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ زرعی ترقیاتی بینک میں بڑے پیمانے پر Screening کی جائے - اس کا اصلی حل تو یہ ہے - اگر آپ ایک فرد کے خلاف کارروائی کریں گے تو جو دوسرا آئے گا وہ پھر رشوت لینا شروع کر دے گا - کیونکہ زرعی ترقیاتی بینک کے افسروں کا حال تو یہ ہے کہ وہ کسی کی سنتے ہی نہیں - ایک مثال آپ سید قمر الزمان شاہ صاحب سے پوچھ کر دیکھیں کہ جو Letter انہوں نے لکھا تھا اس کا اُنہوں نے کیا حشر کیا - اس کے ساتھ میر صاحب کا حکم سر آنکھوں پر - میں اس موشن کو withdraw کرتا ہوں -

**Mr. Deputy Chairman :** Has he got leave of the House to withdraw his resolution.?

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** This is not a resolution. I think it is an adjournment motion and if the Honourable Member, withdraws then no leave of the House is required.

**Mr. Deputy Chairman :** It is not an adjournment motion. This is in fact a resolution............. I am sorry............. the motion .....

Has he got leave of the House ?

(*Leave was not granted*)

**Mr. Qamaruz Zaman Shah :** The Bank needs thorough reorganization with regard to the system of loaning. There is also a problem with regard to the Board of Directors etc. I would request that this should be postponed to a date when Dr. Mubashar Hasan is here. You have seen the unanimous decision of the House that they won't withdraw and they want to discuss it.

**Mr. Deputy Chairman :** There are two proposals.

1. Motion to be discussed as there is only one vote in favour of its withdrawal; and

2. It should be postponed.

**Rao Abdus Sattar :** It cannot be put to vote.

## POINT OF ORDER

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Sir, may I refer to Rule 117 ?

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! جب ہاؤس نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ موشن ودڈرا نہیں کر رہے ہیں - - -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** میر صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر بول رہے ہیں ۔

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Sir, my point of order is under Rule 117 :—

1. A member in whose name a resolution stands in the Orders of the Day may, when called upon, either—

   (*a*) move the resolution, in which case he shall commence his speech by a formal motion in the terms appearing in the Orders of the Day; or.

   (*b*) not move the resolution, but may make a brief statement.

2. In the absence of the member in whose name the resolution stands ............."

Sir, I think that the honourable Member has made a brief statement under Rule 117 and now he withdraws the resolution. That is the end of it.

**Mr. Deputy Chairman :** The question is that he has moved it.

**Mr. Ihsanul Haq :** Sir, there the rule 120 applies.

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Sir, my point is that the honourable Member did not move the resolution. He made a brief statement.

**Mr. Deputy Chairman :** He has moved.

**Mr. Ihsanul Haq :** Sir, Rule 120 reads :—

> "A member who has moved a resolution or an amendment to a resolution shall not withdraw the resolution or, as the case may be, amendment, except by leave of the Senate."

**Mr. Deputy Chairman :** There is another rule 184 :—

> "184(1) A member who has made a motion may withdraw the same by leave of the Senate."

**Mr. Ihsanul Haq :** And the leave has not been granted.

**Mr. Deputy Chairman :** Well, I think, the resolution was moved and House has not granted leave to withdraw the motion, therefore, the House can have a discussion on the motion. Who will speak on the motion ?

**جناب قربان علی شاہ :** جناب والا ! میں گذارش کرتا ہوں کہ میرے پاس وہ موجود ہیں ۔ ۔ ۔

**آغا غلام نبی خان :** جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ جب فنانس منسٹر صاحب آئیں تو پھر اس پر بحث کی جائے ۔ اسی وجہ سے آپ دیکھ رہے ہیں سب ممبران نے موشن ورڈرا کرنے سے انکار کر دیا ہے میرے خیال میں کوئی ممبر بھی نہیں بچا ہوگا جس نے ایگریکلچرل بنک سے مار نہ کھائی ہو ۔ اس لئے سب اس موڈ میں ہیں کہ اس پر بحث کی جائے ۔ جو ممبران مسائل پیش کریں گے ۔ میرے خیال میں میر صاحب ان کا بہتر جواب نہیں دے سکیں گے ۔ اس لیے بہتر یہ ہے کہ جب فنانس منسٹر صاحب تشریف لائیں اس وقت اس کو زیر بحث لایا جائے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** دو صورتیں ہوسکتیں ہیں ۔ ۔ ۔

**جناب قربان علی شاہ :** جناب والا ! میں نے پہلے کہہ دیا ہے اگر ایوان کا

فیصلہ یہ ہے اس پر بحث کی جائے تو ٹھیک ہے ۔ ۔ ۔ جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ میں اس سلسلے میں ، میں اپنے ضلع کے متعلقہ بنک سے متعلقہ اطلاعات ساتھ لایا ہوں ۔ اگر کہتے ہیں تو اسے ڈاکٹر صاحب کی آمد تک defer رکھیں ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Now there are two opinions in the House—

1. That the motion may be deferred to some other day;

2. That the resolution may be talked.

I put this question, because I have to take the consent of the House.

اس میں لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف اپوزیشن جو چاہتے میں فیصلہ کرلیں ۔

**جناب راؤ عبدالستار :** ٹھیک ہے defer کردیں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** میر صاحب ، آپ کیا چاہتے ہیں defer کرلیں ۔

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** I had made an offer and the honourable Member has accepted that all the allegations that he may have will be brought to me and I would look into and order an inquiry and submit the inquiry report. And if the honourable Members are not agreeable, then I am helpless. As regards the postponement, since everybody is saying, what I can do ?

**Mr. Deputy Chairman :** I think everybody wants it to be deferred to some other day.

**Mr. Ihsanul Haq :** Only when the Finance Minister is present.

**جناب قربان علی شاہ :** پوائنٹ آف آرڈر ، جناب والا ! میں نے چیئرمین صاحب سے گذارش کی تھی کہ جب پرائیوٹ ممبر ڈے ہوتا ہے اس دن جو موشن پیش ہوتی ہیں ۔ ان سے متعلقہ وزیر موجود نہیں ہوتے ہیں ۔ میرے خیال میں شاید ہاؤس کے پاس اتنا بزنس بھی نہیں ہے اس لیے میں چاہتا ہوں کہ کاٹن کی موشن پر اسی اجلاس میں کسی دن فنانس منسٹر صاحب کی موجودگی میں بحث کرلیں ۔

لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن آپس میں فیصلہ کرلیں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ رولز بتائیں کہ کس رولز کے تحت ہوسکتا ہے کہ بزنس کو suspend کرکے کوئی دن مقرر کرسکیں ۔

In addition to the day allotted for the Private Members.

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** This matter can be best discussed in the the Chamber. Then the consent of the Leader of the House will be needed.

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ مناسب ہے کہ لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن چیئرمین کے ساتھ چیمبر میں فیصلہ کرلیں -

جناب قربان علی شاہ : ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : ٹھیک ہے -

**Mr. Deputy Chairman** : Item No. 4 in the Agenda. To be moved by Haji Sayed Hussain Shah.

## RESOLUTION RE : FIXATION OF SPECIAL QUOTA FOR BALUCHISTAN IN FEDERAL SERVICES

**Haji Sayed Hussain Shah** : Sir, I move the resolution :

> "The Senate is of the opinion that the people from Baluchistan, which is an under-developed province, be given preference in recruitment to posts under the Federal Government for a reasonable period by fixing a special quota and relaxing the age limit for candidates from this Province so that equal opportunities may be provided to its inhabitants for development, the solution of their problems and removal of their grievances and to bring it at par with other developed provinces of Pakistan."

**Mr. Deputy Chairman** : Would you like to make a statement on your resolution ?

**Haji Sayed Hussain Shah** : Yes, Sir.

**Mr. Khurshid Hasan Meer** : The resolution has been moved. It will be discussed and I will deal with it.

**Mr. Deputy Chairman** : Let the mover make a speech.

حاجی سید حسین : جناب والا ! میں آپ کی وساطت سے معزز اراکین کی خدمت میں عرض کروں گا کہ صوبہ بلوچستان نہایت ہی پسماندہ صوبہ ہے - انگریز سامراج نے اس صوبے کو دیدہ دانستہ معاشی ، سیاسی ، تعلیمی اور اقتصادی لحاظ سے پسماندہ رکھا ہے -

جناب والا آپ کو یہ سن کر حیرانگی ہوگی کہ پہلے اس علاقے میں ایک بھی کالج نہیں تھا اور یہاں کے لوگ اتنے غریب تھے کہ وہ اپنے بچوں کو دوسرے صوبوں میں بھیج کر تعلیم دلا سکیں - سال میں دو چار لڑکے جن کے والدین کچھ نہ کچھ مالی استطاعت رکھتے تھے وہ اپنے بچوں کو لاہور یا علی گڑھ کالج میں تعلیم کیلئے بھیجتے تھے - زیادہ تر عوام اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم تو درکنار معمولی تعلیم بھی

نہیں دلا سکتے تھے - جناب والا ! پاکستان بننے کے بعد آج بلوچستان میں ایک یونیورسٹی ڈگری کالج ، انٹرمیڈیٹ اور میڈیکل کالج موجود ہیں - جس میں ہمارے بچے نہایت تندہی اور شوق سے تعلیم حاصل کرتے ہیں لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ ہمارے نوجوان کالجوں سے فارغ التحصیل ہوکر جب باہر نکلتے ہیں تو وہ بیکاری ، بے روز گاری کا شکار ہو جاتے ہیں - جناب والا ! ہمارے بہت سے نوجوانوں کو جب پاکستان میں روزگار نہیں ملتا تو وہ غریب نوجوان روز گار کیلئے پاکستان چھوڑ کر جرمنی ، ناروے ، ڈنمارک اور نہ معلوم کہاں کہاں بھٹکتے رہتے ہیں - جناب والا ! اقتصادی میدان میں بھی بلوچستان سب سے پیچھے رہ گیا ہے - بلوچستان میں سوائے ہرنائی وولن مل اور سرآب کاٹن مل کے اور کوئی کارخانہ نہیں ہے - البتہ کاغذوں پر بڑے بڑے منصوبے بنائے جاتے ہیں اور اسی طرح کاغذ کے گھوڑے دوڑائے جاتے ہیں لیکن ان پر عمل نہیں ہوتا - آج بلوچستان کی کل آبادی کا تقریباً نصف حصہ بے روزگار اور بے کار ہے اور یہ غریب لوگ ہر سال سندھ میں محنت و مزدوری اور دھقانی کرنے کیلئے جاتے ہیں - جناب والا ! ایک طرف بلوچستان کا عوام غریب ، افلاس اور بے روزگاری کا شکار ہے اور دوسری طرف فیڈرل گورنمنٹ میں ہمارے لیے ملازمتوں کے دروازے بند ہیں اور ملازمتوں میں بلوچستان کی نمائندگی بہت کم ہے - مثال کے طور پر وزرات خارجہ میں صرف آٹھ بلوچستانی ملازم ہیں اور اسی طرح دیگر وزارتوں میں بلوچستانیوں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے - پی آئی اے ، نیوی ، ایئر فورس ، واپڈا ، پی آئی ڈی سی اور دیگر سرکاری و نیم سرکاری اداروں میں بلوچستانیوں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے - جناب والا ! آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ پاکستان آرمی میں ایک نہایت نامور اور بہادر رجمنٹ ہے اس کا نام بلوچ رجمنٹ ہے اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس رجمنٹ میں ہزاروں سپاہی کام کرتے ہیں - اس میں بلوچ ایک بھی نہیں ہے - آخر اس کی کیا وجہ ہے ؟ کیا ہمارے نوجوان پاکستانی نہیں ہیں - کیا ہمارے نوجوان جنگی صلاحتیں نہیں رکھتے ؟ اس کے علاوہ فوج میں کرنل سے اوپر اعلیٰ درجے کا کوئی بلوچستانی نہیں ہے - البتہ چار پانچ کرنل اور میجر ہیں - جن کی ترقی روک دی گئی ہے اور سال دو سال بعد اس کو بھی ریٹائیڑ کر دیا جائے گا پھر نہ رہے گا ”بانس نہ بجے کی بانسری“ اور آیندہ نہ ہمارے بچے فوج میں بھرتی کیے جائیں گے اور نہ وہ ترقی پائیں گے - جناب والا ! ملازمتوں میں بلوچستان کا یہ حال ہے - اس کے علاوہ جناب والا ! آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ ریلوے میں جتنے ملازمین ہیں - ان میں کلاس ون اور دو کے گریڈ کا ایک بھی بلوچی نہیں ہے اور اسی طرح جو

کلاس تھری کے جتنے ملازم ہیں - ان کی تعداد بلوچستان میں تین ہزار ہے اور ان تین ہزار ملازمین میں فقط ۳۰ ، ۳۵ ملازم بلوچستانی ہوں گے - جناب والا ! میں محترم وزیر صاحب اور سینیٹ کے اراکین سے گذارش کرونگا کہ وہ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر یہ محسوس کریں کہ اگر ہماری جگہ آپ ہوتے اور آپ کے صوبے کے باشندوں کی یہ حالت ہوتی - جس طرح بلوچستان کی ہے تو آپ کیا کرتے - کیا آپ جد و جہد نہ کرتے ؟ کیا آپ اس کو روزگار دلانے کیلئے کوشش نہ کرتے ؟ جناب والا ! میں فیڈرل گورنمنٹ کا اس بات پر شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس نے کچھ دن پہلے یہ اعلان کیا ہے - کہ ملازمتوں میں بلوچستان کا $3\frac{1}{2}$ فیصد کوٹہ ہوگا - جس کے ہم نہایت مشکور ہیں - "چشم ما روشن دل ما شاد" لیکن یہ آیندہ ملازمتوں کیلئے بلوچستان کا کوٹہ مقرر ہوا ہے - اس کا فائدہ آیندہ ملے گا - اور یہ اتنا slow progress ہے کہ آہستہ آہستہ جا کر کہیں ۳۰ ، ۳۵ سال کے بعد بلوچستان اس حالت کو پہنچے گا کہ فیڈرل ملازمتوں میں $3\frac{1}{2}$ فیصد حصہ حاصل کرسکے - لیکن ہم تقریباً ۲۷ سال سے اپنے پیٹ پر پتھر باندھ کر فاقہ کشی کرتے رہے ہیں - اس لیے اس کا کچھ تدارک کرنا چاہیے - ہمارے دوسرے صوبے بھی ہیں - وہ ہمارے بھائی ہیں - وہ ہمارے لئے کچھ نہ کچھ قربانی دیں اور سال دو سال کیلئے اپنا کوٹہ ہمیں دے دیں -

مرکزی حکومت دوسرے صوبوں کا کوٹہ بلوچستان کو دے دیں تاکہ بلوچستانی دو تین سال $3\frac{1}{2}$ فیصد فیڈرل ملازمتوں میں حاصل کرسکے ----- جناب والا ! ایک اور گذارش یہ ہے کہ بلوچستان میں اکثر بچے بلوچی ، پشتو اور بروہی زبان بولتے ہیں لیکن وہاں ذریعہ تعلیم اردو ہے ان بچوں کو اردو سیکھنے میں کم از کم دو تین سال لگ جاتے ہیں - یہی وجہ ہے کہ ہمارے بچے اٹھارہ بیس سال کی عمر سے پہلے میٹرک نہیں کرسکتے اور پنجاب میں جو لڑکے میٹرک پاس کرتے ہیں اس کی عمر پندرہ سال ہوتی ہے - اس لیے میری یہ گذارش ہے - کہ عمر کے متعلق فیڈرل ملازمتوں میں رعایت دی جائے - میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - شکریہ -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** مسٹر زمرد حسین -

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! گذشتہ دن چند سوالات کے جوابات جو متعلقہ وزرأ صاحبان کی طرف سے آئے ہیں - ان سے یہ بات بالکل واضح طور پر سامنے آگئی ہے کہ وفاقی حکومت میں یا حکومت کے زیر سرپرستی اداروں میں بلوچستان کے ملازمین کی نمائندگی نہ ہونے کے برابر ہے خواہ وہ ریڈیو کا محکمہ ہو یا ٹیلیویژن کا

محکمہ ہو - PIA یا WPID یا اس قسم کے کسی بھی ادارہ میں بلوچستان کو نمائندگی حاصل نہیں ہے اور جب بھی کوئی بات اس بارے میں کی جاتی ہے تو متعلقہ وزرا صاحبان یہ فرماتے ہیں کہ صاحب ! بلوچستان کی نمائندگی کے بارے میں کوشش کی جا رہی ہے اور اس سلسلے میں اقدامات کئے جا رہے ہیں - میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ گذشتہ ۲۷ سال سے آخر بلوچستان کو کیوں نظر انداز کیا جا رہا ہے - بلوچستان پاکستان کا ایک حصہ ہے دوسرے علاقوں کی طرح اس کے بھی حقوق ہیں اور آپ کو چاہئیے کہ ان حقوق کے تحفظ کیلئے اقدامات کریں صرف یہ کہہ دینے سے بات نہیں بنے گی کہ صاحب مسئلہ کا حل ہو رہا ہے - زبانی جمع خرچ سے مسئلہ حل نہیں ہوگا آپ جو کہتے ہیں وہ کریں بھی - جناب والا ! گورنمنٹ اس مسئلہ سے اجنبی نہیں ہے کسی بھی ملک کا کوئی علاقہ ملک کے وسائل میں اتنے ہی حقوق رکھتا ہے جتنے کہ ملک کے دوسرے حصے رکھتے ہیں اس لیے جب آپ ملک میں ہم آہنگی ، نظریات میں ہم آہنگی اور فکری ہم آہنگی کی بات کرتے ہیں تو پھر یہ لازمی ہے کہ آپ دوسروں کے حقوق کا احترام کریں جب عوام کو ان کے حقوق سے محروم رکھا جاتا ہے تو پھر عوام سے یگانگت اور یکجہتی کی امید نہیں کی جاسکتی اور آپ کے یہ دعوے بھی بے سود ہو کر رہ جاتے ہیں اور آپکی یہ صرف زبانی باتیں ہوں گی اگر آپ کسی علاقہ میں اس کے عوام کو ان کے حقوق سے محروم رکھیں گے اور عوام کے حقوق کا احساس نہیں کریں گے - جناب والا - جب عوام کی خواہشات کا احترام نہیں کیا جاتا تو پھر اس کا نتیجہ تلخی ہوتی ہے اگر حکومت کی یہ خواہش ہے کہ ملک میں یگانگت ہو اور فکری ہم آہنگی ہو تو پھر یہ لازمی بات ہے کہ ملک کے ہر علاقے کی عوام کے حقوق کا احترام کیا جائے صرف اور صرف مشترکہ مقاصد کیلئے جد و جہد اور ایک دوسرے کے حقوق کا احترام پاکستان کو اٹوٹ رشتوں میں منتقل کرسکتا ہے اس کیلئے کوئی بہانہ تلاش کرنا ٹھیک نہیں ہوگا بلکہ اس سے علاقوں میں نفرت اور تلخی بڑھے گی اور جو خلیج ہے اس میں اضافہ ہوگا یہ صرف نعرے لگانے سے مسائل حل نہیں ہونگے آپ کو بہرحال مختلف علاقوں کے لوگوں کو ان کے حقوق دینے ہونگے - جیسے کہ سید صاحب نے کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان رقبہ کے لحاظ سے ایک بڑا صوبہ ہے لیکن ریلوے ڈیپارٹمنٹ میں بلوچستان کی نمائندگی نہ ہونے کے برابر ہے اور پھر اس پر یہ دعویٰ کرنا کہ صاحب بلوچستان کی ترقی کیلئے یہ حکومت لگی ہوئی ہے - دن رات ریڈیو کے ذریعے اعلانات کیے جاتے ہیں کہ حکومت بلوچستان میں بڑی رقم صرف کر رہی ہے میں یہ نہیں سمجھتا کہ آخر ان اعلانات کے نتائج کیا ہیں --- وہاں ریڈیو پر زیادہ پروگرام

اردو میں دیا جاتا ہے اور وہاں کی زبان میں کوئی ایک پروگرام بھی نہیں دیا جاتا - - - صاحب آخر یہ کہاں کا انصاف ہے کہ نیشلائزڈ بینکوں میں ہماری نمائندگی موجود نہیں ہے - پھر یہ کیسے کہا جاسکتا ہے کہ ہم کوشش کر رہے ہیں ان کوششوں کے نتائج آخر کب تک نکلیں گے صرف یہ کہہ کر کہ صاحب آپ کو نمائندگی دینے کی کوشش کر رہے ہیں یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا - جناب والا - میں آپ کی وساطت سے حکومت سے یہ کہوں گا کہ وہ بلوچستان کے غریب لوگوں کو ان کے حقوق دیں تاکہ وہاں کی عوام ملک کی سلامتی اور یکجہتی میں اپنا کردار ادا کرسکیں اور میں یہ درخواست کرونگا کہ اگر آپ فرائض عوام کے سپرد کرتے ہیں تو پھر ان کے حقوق کا بھی احترام کریں اگر صرف فرائض جتائے جائیں اور حقوق کا خیال نہ رکھا جائے تو معاملات خراب ہوجاتے ہیں میں سید حسین صاحب کی اس Motion کی بھرپور تائید کرتے ہوئے گذارش کرونگا کہ اس Motion کو accept کیا جائے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** کوئی اور صاحب بولیں گے ؟

**جناب خورشید حسن میر :** جناب والا ! صورت حال یہ ہے کہ بلوچستان اور دوسرے جتنے علاقے پسماندہ رہ گئے اور جتنے علاقوں میں ترقی نہیں ہوئی ہم تسلیم کرتے ہیں کہ پاکستان کے یہ علاقے تعلیمی لحاظ سے پیچھے رہ گئے - اقتصادی لحاظ سے پیچھے رہ گئے ، نقل و حمل کے وسائل کے سلسلے میں ترقی نہیں ہوئی غرضیکہ ہر طرح سے پیچھے رہ گئے جناب والا - یہ کافی عرصہ سے اس طرح سے یہاں ہوتا رہا اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ کسی بھی سرمایہ دارانہ نظام میں ایسا ہی ہوتا ہے - - - سرمایہ دارانہ نظام میں ملک میں جتنی دولت پیدا ہوتی ہے وہ ایک خاص طبقہ کو چلی جاتی ہے اور محنت کش طبقہ محروم رہ جاتا ہے دوسری بات یہ ہے کہ سرمایہ دار ہمیشہ بڑی بڑی مشہور روڈز پر صنعتیں لگائیں گے جیسے کہ جی ٹی روڈ ہے وہ دور دراز علاقوں میں نہیں جاتے اس لیے جو علاقے پیچھے رہ گئے ہیں وہ مزید پیچھے رہ جاتے ہیں - یہ سرمایہ دارانہ نظام کا خاصہ ہے اس لیے جب اس مسئلہ کا نتیجہ اخذ کیا گیا تو معلوم کیا گیا کہ صرف سوشلیسٹ معیشت ہی کے ذریعے پسماندہ طبقوں کی حالت بہتر کی جا سکتی ہے اور پسماندہ علاقوں کی حالت کو بہتر کیا جاسکتا ہے - چنانچہ پاکستان پیپلز پارٹی کی عوامی حکومت نے حکومت کا انتظام سنبھالتے ہی دونوں طرف توجہ دینی شروع کی -

یہ پسماندہ علاقوں کی حالت بہتر بنانے کے لیے بنی اور استحصال کو ختم کرنے کے لیے بینکوں کو نیشنلائیز کیا گیا - جہاز ران کمپنیوں کو اور بنیادی صنعتوں کو بیمہ کمپنیوں کو نیشنلائیز کیا گیا تاکہ ان وسائل سے جو دولت پیدا ہوتی ہے ،

جو سرمایہ فراہم ہوتا ہے ، وہ واپس اسی مخصوص سرمایہ دار طبقے کی عیش و عشرت میں اضافہ کرنے کی بجائے وہ حکومت اور عوامی بہبود اور ترقیاتی کاموں میں صرف کر سکیں ۔ اس طرح پہلی مرتبہ عوامی حکومت یہ ہماری پیپلز پارٹی کی عوامی حکومت تھی جس نے پسماندہ علاقوں ، پیچھے رہ گئے صوبوں کی طرف بھر پور توجہ دی ۔ اب بلوچستان کی بات لیجیے کروڑہا روپیہ وہاں کی صوبائی حکومتوں کے حوالے کیا گیا کہ وہ ترقی کریں ۔ انہوں نے اس میں دلچسپی نہیں لی ۔ اب پہلی بنیادی بات یہ ہے کہ کسی علاقے میں اس وقت تک ترقی نہیں ہو سکتی جب تک اس علاقے میں کیمونیکیشن کا جال نہ پھیلایا جائے ۔ سڑکیں نہیں بنائی جائیں گی تو اسکول ہسپتال نہیں بن سکتے ۔ صنعتیں نہیں لگ سکتیں ۔ وہ کام انہوں نے نہیں کیے ۔ اب ہم کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ فوج مداخلت کر رہی ہے ۔

**جناب زمرد حسین :** پوائنٹ آف آڈر سر ۔ جناب والا ! محترم وزیر صاحب بالکل irrelevant ہو رہے ہیں ۔ بات صرف یہ ہے کہ بلوچستان میں ملازمتوں کے سلسلے میں موشن پیش ہے ۔

بلوچستان کی ملازمتوں کے بارے میں بات ہونی چاہیے ۔

**جناب خورشید حسن میر :** جناب والا ! ہم اچھی طرح اس بات کو جانتے ہیں۔

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! بد قسمتی کی بات ہے کہ آپوزیشن جب ذرا بات کرنے لگتی ہے تو اسے بولنے کا موقع نہیں دیا جاتا ۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** یہ بات نہیں ہے ۔ آپ جتنا بولنا چاہتے ہیں بول سکتے ہیں ۔

**جناب خورشید حسن میر :** جناب والا ! یہ قطعی relevant بات ہو رہی ہے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** انہوں نے پوائنٹ آف آرڈر raise کیا ہے ۔

**جناب خورشید حسن میر :** جناب والا ! میں جواب دے دوں پھر آپ رولنگ دیجیئے گا ۔ جناب والا ! کیا اس ریزولیوشن کی حمائت میں آنریبل ممبر صنعتی ترقی کی بات نہیں کر رہے تھے ؟ اس کا تعلق تھا کیا اس ریزولوشن کے سلسلے میں فوج کا تعلق تھا ؟ فیڈرل گورنمنٹ کے ملازمین کا تعلق تھا ۔ کیا اس ریزولیوشن میں

میڈیکل کالجوں کی بات نہیں ہو رہی تھی ؟ جناب آپ اس ضمن میں یہ ساری باتیں کرتے رہے اور میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ یہ ساری باتیں ملازمین کے سلسلے میں relevant ہیں اور میں عرض کرتا ہوں کہ خود آنریبل mover نے کہا کہ پچیس سال میں وہاں اسکول نہیں بنا - وہاں انجینئرنگ کالج نہیں بنے وہاں میڈیکل کالج نہیں بنے بالکل بالکل درست بات ہے - جب کہ میڈیکل کالج نہیں ، انجینئرنگ کالج نہیں تو وہاں سے وفاق حکومت ملازمتوں میں انجینئر کہاں سے بھرتی ہوں گے ؟ ڈاکٹر کہاں سے بھرتی ہوں گے ؟ وہاں کالج ہی اس قسم کے نہیں تھے - وہاں ٹرینڈ نہیں ہو رہے تھے - تھوڑے بہت کراچی میں یا کسی اور جگہ پڑھ رہے تھے - یہ بات بالکل درست ہے - ان چیزوں کا اس سے تعلق ہے - میں خود تسلیم کرتا ہوں اور ان کو سمجھانا بہت ضروری ہے - اس لیے ضروری ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ وہاں اسکول ہوں - ہم چاہتے ہیں کہ وہاں کالجز ہوں ہماری حکومت نے وہاں میڈیکل کالج قائم کیا ہے - ہم چاہتے ہیں کہ وہاں میڈیکل کالج بہت اچھے ہوں - ہم چاہتے ہیں کہ وہاں انجینئرنگ کالج قائم ہوں - لیکن اس کے لیے وہاں امن و امان کی بھی ضرورت ہے ہم چاہتے ہیں کہ وہاں سڑکیں جائیں اور سڑکوں کے ساتھ ساتھ وہاں اسکول اور ہسپتال بھی جائیں- اس کے متعلق بھی حضور ہم چاہتے ہیں اب سڑکیں بن رہی ہیں -

(مداخلت)

**جناب خورشید حسن میر :** اس سے قبل صورت حال یہ تھی کہ صوبہ سرحد ، بلوچستان ، ٹرائبل ایریا ، آزاد کشمیر ، بلتستان ، کشمیر مہاجرین ان سب کو ملا کر تیس فیصد کوٹہ تھا - بلوچستان کے لیے الگ کوٹہ نہیں تھا - سندھ کا الگ کوٹہ نہیں تھا - نہ صوبہ سرحد کا الگ کوٹہ تھا وفاقی ملازمتوں کے لیے - ہم نے محسوس کیا کہ الگ کوٹہ نہ ہونے کی وجہ سے بلوچستان کو نقصان ہو رہا ہے - فرنٹیر کو نقصان ہو رہا ہے - کسی حد تک سندھ کو نقصان ہو رہا ہے - ہماری حکومت نے یہ سارے کوٹے الگ کر دیے - اور بلوچستان کے لیے ۳.۵ فیصدی آبادی کے لحاظ سے کوٹہ مقرر کر دیا ہے - تاکہ یہاں جو بے انصافی ہو رہی ہے اس کا تدارک کیا جائے - اب صورت یہ ہے ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں - اس دلیل کو کہ اس طرح یہ کوٹہ صرف ساڑھے تین فیصد رکھنے سے پہلے سے جو کمی ہے - اس کو پورا کرنے میں بڑا وقت لگے گا - میں تسلیم کرتا ہوں یہ سیدھی سی بات ہے - لیکن دوسری طرف بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں - وہ یہ ہے کہ سب سے اول صوبائی حکومت کے پاس بھی اتنا زیادہ فنڈ ہے اور وفاق حکومت بھی دیتی ہے - اور اتنے محکمے کھل رہے ہیں - اتنی وہاں ترقیاتی کاموں کی سکیمیں

خوشی ہو گی - آپ بھی اس میں تعاون کیجیے - اب وفاقی حکومت نے ایک اور اقدام بھی کیا ہے - میں اس کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں - وہ یہ ہے کہ یہ جو لیٹرل انٹری کی گئی ہے - اس میں بلوچستان کے لوگوں کو ان کے لیے کوٹے سے دوگنی اسامیاں دی گئی ہیں - میں عرض کرتا ہوں کہ یہ جو ڈپٹی سیکرٹری بھرتی کیے گئے ہیں - کل ۹۷ فیصد کیے گئے ہیں - جس میں بلوچستان کے ۶.۷ فیصد لیے گئے ہیں - جوائنٹ سیکرٹریز کل ۳۶ لیے گئے ہیں جس میں بلوچستان کے دو ہیں - یہ ساڑھے پانچ فیصد بنتے ہیں - گویا کہ مجموعی طور پر ڈپٹی سیکرٹریز اور جوائنٹ سیکرٹریز چھ اور دو آٹھ مجموعی طور پر سات فیصد بنتے ہیں تو گویا دوگنا - جناب میں ریلوے کے متعلق عرض کرتا ہوں ریلوے میں چونکہ کوئی لیٹرل انٹری سرے سے ہی نہیں کی گئی لیکن جو کوٹہ ان کا ساڑھے تین فیصدی ہے اس میں ایک بھی آسامی کوٹے کے علاوہ بھرتی کی گئی ہو میری توجہ اس طرف دلائیں میں ریورس کر دونگا - لیکن میں ایک گذارش آپ کی خدمت میں کرتا ہوں - اس ریزولوشن کے بارے میں جب آپ غور فرما رہے ہیں تو اس بات کا خیال رکھیں آپ پبلک سروس کمشن کا رکارڈ اٹھا کر دیکھیں انہیں دقت ہو رہی ہے یہ کوٹہ پورا کرنے کے بارے میں - ریکوائرڈ کوالیفیکیشن کے لوگ نہیں مل رہے - انشاء اللہ ملیں گے - جب وہاں تعلیم عام ہو گی ترقی ہو گی وہاں کالجوں میں کام ہو گا - انشاء اللہ ضرور ملیں گے -

اور اس میں وقت ضرور لگے گا ہم مانتے ہیں کیونکہ اتنے سالوں کی پس ماندگی اور اتنے سالوں کے سرمایہ دارانہ نظام کے جو اثرات ہیں انہیں فوری طور پر دور نہیں کیا سکتا ہے - اور سوشلسٹ معیشت کو تعمیر کرنے میں وقت لگتا ہے - تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ انہیں دقت محسوس ہو رہی ہے - چنانچہ جب کبھی حکومت کے نوٹس میں یہ بات آتی ہے کہ بلوچستان کا کوٹہ اس طرح سے پورا نہیں ہو رہا ہے اور کوئی جگہ خالی رہ گئی ہے تو جیسا کہ آپ نے فرمایا کہ age کی relaxation کر دیں یا اور اس قسم کے اقدامات کریں - تو اس سلسلے میں میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ بلوچستان کا کوٹہ انشاء اللہ ضرور پورا کیا جائیگا اگر advertisement میں جو بلوچستان کے لوگوں کے لیے qualification لکھی گئی ہیں - اس طرح پورا ہو جائے تو اچھی بات ہے اور اگر وہ پوری نہ ہوں تو پھر جو تجاویز آپ نے فرمائی ہیں ان کو ضرور استعمال کیا جائے گا - تو ان یقین دہانیوں کے بعد میں آپ سے گذارش کروں گا کہ اول تو ابھی دو چار سال اس بات کی ضرورت ہے کہ بلوچستان میں تعلیمی معیار کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جائے -

اب آپ نے فرمایا کہ بہت سے لوگ ملک سے باہر چلے جاتے ہیں میں مانتا ہوں ۔ لیکن ملک سے باہر تو ڈاکٹرز ، انجینئر اور زیادہ تر ٹیکنیکل کوالیفیکیشن کے لوگ جاتے ہیں اور وہ بھی شاید بلوچستان سے زیادہ دوسرے صوبوں کے لوگ باہر جاتے ہیں اور وہ یہ نہیں سمجھتے کہ اس غریب ملک کے وسائل کے علاوہ ان کی تعلیم پر ایک ڈاکٹر کی تعلیم پر لاکھ ڈیڑھ لاکھ روپیہ صرف ہوتا ہے تو ان ڈاکٹروں پر روپیہ ہم اس لیے تو صرف نہیں کرتے کہ امریکہ کے مریضوں کو ڈاکٹروں کی ضرورت ہے یا انگلستان میں ڈاکٹروں کی کمی ہے ۔ہم ان پر روپیہ اپنی ضرورت کے لیے صرف کرتے ہیں ۔ اپنے ملک کے لیے صرف کرتے ہیں تو اس لیے ہماری حکومت نے ان ڈاکٹروں کے باہر جانے پر پابندی لگا رکھی ہے اسی طرح کچھ دوسری category کے لوگ ، عام محنت کش طبقہ سے تعلق رکھنے والے لوگ باہر جاتے ہیں بلوچستان سے بھی جاتے ہیں مکران سے جاتے ہیں میں نے اس علاقے کا وسیع دورہ کیا ہے ۔ میں جانتا ہوں ۔ لیکن اس سے جو نتیجہ آپ نے اخذ کیا ہے وہ درست نہیں ہے مثلاً ترکی سے لاکھوں لوگ کام کرنے کے لیے جرمنی جاتے ہیں ۔ اسی طرح یوگوسلاویہ سے لاکھوں لوگ باہر جاتے ہیں کام کرنے کے لیے اس کی وجہ یہ ہے ۔ اور آپ نے جو فرمایا ہے کہ بلوچستان سے بالخصوص جاتے ہیں ۔ یہ وہ بات نہیں ہے اب یہ جو بات آپ نے فرمائی کہ وہاں بلوچی کے پروگرام نہیں ہوتے ۔ یہ میں معافی چاہتا ہوں ۔ اگر آپ یہ کسی وقت سوال کے طور پر کرتے تو انفارمیشن منسٹر اس کا صحیح جواب دیتے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ سوال پوچھا گیا ہے اور اس کا جواب بھی بتایا گیا ہے لیکن وہ اس سے مطمئن نہیں ہیں ۔

(مداخلت)

جناب خورشید حسن میر : یہ بات درست نہیں ہو سکتی اگر براہوی کے پروگرام شروع ہو سکتے ہیں تو بلوچی کے پروگرام کیوں شروع نہیں کیے جا سکتے ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ کسی نے نہیں کہا کہ بلوچی کے پروگرام نہیں ہوتے وہ کہہ رہے ہیں کہ کم ہوتے ہیں ۔

جناب خورشید حسن میر : میں اس پوزیشن میں نہیں کہ اس قسم کا جواب دے سکوں ۔ ابھی مجھ پر الزام لگایا گیا ہے کہ میں Irrelevant بات کرتا ہوں ۔ تو بتائیے بھلا کہ ریڈیو کے پروگراموں ، ملازمتوں کی بات تو الگ رہی ریڈیو کے پروگراموں کا اس قرار داد سے کیا تعلق ہے ۔

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! میں گذارش کروں کہ اس کا تعلق ہے کیونکہ اگر بلوچی کے پروگرام ہوں گے تو وہاں کے لوگوں کو ملازمت ملے گی ، روزگار ملے گا ۔

**جناب خورشید حسن میر :** بلوچی کے پروگرام ضرور ہونے چاہئیں ۔ میں اس کی تائید کرتا ہوں ۔ کیوں نہ ہوں بلوچی کے پروگرام ضرور ہوں ۔

اب جناب ! ایک بات مادری زبان کے متعلق کہی گئی ہے کہ بلوچستان میں مادری زبان ذریعہ تعلیم نہیں اردو ذریعہ تعلیم ہے اور اردو کو سمجھنے میں بلوچستان کے عوام کو زیادہ وقت لگتا ہے ۔ یہ تو پھر سارے پاکستان کے متعلق درست ہوگا ۔ کیونکہ اردو سارے پاکستان میں بولی جاتی ہے ۔ یہ بات فرنٹیئر کے متعلق درست ہوگی ۔ سندھ کے متعلق درست ہوگی اور پنجاب کے متعلق بھی درست ہوگی جہاں شہروں میں اردو زیادہ بولی اور سمجھی جاتی ہے اور اردو سب جگہ بولی جاتی ہے ۔ کیا کوئٹہ میں اردو نہیں بولی جاتی ؟ کیا کراچی میں نہیں بولی جاتی ؟ سندھ میں حیدرآباد میں اور فونٹیئر کے دیہاتوں میں ۔ ہر جگہ اردو بولی جاتی ہے ۔ لیکن مادری زبان جو بچہ ماں کی گود میں ماں کے ساتھ بولتا ہے وہ تو نہیں بولی جاتی ۔ ویسے بھی اردو ہماری قومی زبان ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ اس کی زیادہ سے زیادہ ترقی ہو ۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ اس زبان کو سارے ملک میں سمجھا جاتا ہے اور بچے اس میں تعلیم حاصل کرتے ہیں یہ تو بہت اچھی بات ہے ۔ اب جناب میں یہ گذارش کروں گا کہ یہ جو کوششیں کی جارہی ہے کہ وہاں بھی بلوچستان میں زیادہ سے زیادہ تعلیم پھیلے اور وہاں کے لوگ زیادہ سے زیادہ لوگ پڑھ کر نکلیں ۔ ان کے نتائج انشاء اللہ آپ آئندہ چند سالوں میں دیکھیں گے ۔ پہلے یہاں لوگوں کا رحجان زیادہ تر Arts کی طرف تھا لیکن اب زیادہ تر لوگ Technical Qualification کی طرف توجہ دے رہے ہیں اور میں یقین نہیں کرتا کہ بلوچستان یا کوئی بھی Technical Qualification کا آدمی بے روزگار رہ سکتا ہے ۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا ۔ اگر آپ کی نظر میں ایسے کوئی آدمی ہوں تو ان کے نام ہمیں بتائیے اور ہم آپ کو بتائیں گے کہ کہاں کہاں روز advertisements نکلتی رہتی ہیں ۔ ٹیکنیکل کوالیفکیشن کے آدمیوں کی ۔ اور ان کو کھپایا جاسکتا ہے وہاں ۔

**ایک معزز سینیٹر :** ہم آپ کو لسٹ دیں گے ۔

**جناب خورشید حسن میر :** دیجیئے یہ لسٹ ضرور دیجیئے میں آپ کے توسط سے ایک مودبانہ التماس کروں گا ان سے کہ جتنے اخبارات میں اشتہارات دیئے جاتے ہیں وفاقی اداروں کی طرف سے پبلک سروس کمشن کی طرف سے Autonomous Bodies

کی طرف سے ان میں ذرا مہربانی کرکے درخواست دیا کریں اور پھر ان کو کوٹہ کے مطابق نہ لیا جائے ، تو پھر ہمیں بتائیے آ کر - اور اگر درخواست ہی نہ دیں تو پھر تو بڑی مشکل ہو جاتی ہے - دیکھئیے یہ جمہوریت ہے - آخر اس ملک میں جمہوریت کے آنے کا کیا فائدہ ہے - میں یہ نہیں کہتا کہ کہیں بدعنوانیاں نہیں ہوتیں - لیکن کسی کیس میں کسی نے اگر بدعنوانی کی ہو تو مہربانی کرکے پہلے ہماری توجہ اس بدعنوانی کی طرف مبذول کرائیے اور اگر آپ کی تسلی نہ ہو تو پھر اس سوال کو پارلیمنٹ میں اٹھائیے - بڑی خوشی سے اٹھائیے - ہم اس کو Welcome کریں گے کیوں کہ محاسبے کی ، جواب دہی کی پہل ، اس ملک میں ہم نے کی ہے - ہم اس کو کیوں برا سمجھیں -

تو جناب والا - میں مؤدبانہ التماس کرتا ہوں کہ ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے اور اس میں یہ دقت نہیں ان کو ملازمت نہیں دی جا رہی ہے - در اصل اس وقت دقت یہ ہے کہ وہاں سے کافی تعداد میں required qualification کے لوگ تعلیم حاصل کرکے ابھی باہر نہیں آئے - انشاء اللہ یہ صورت حال جلد سے جلد بدل جائے گی -

جناب زمرد حسین : جناب والا ! گذارش ہے کہ آپ کو معلوم ہوگا کیوں کہ آپ بلوچستان کے رہنے والے ہیں کہ بلوچستان کے کتنے پڑھے لکھے لوگ بے روزگار پھر رہے ہیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں یہاں سے تقریر شروع کردوں ؟

جناب زمرد حسین : آپ اس بات کی تصدیق کریں گے آپ کا علم ہم سے زیادہ ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ سبھی لوگوں نے اس قرار داد کی تائید کی ہے - خواجہ صاحب نہیں بولے ہیں لیکن نہ بولنے میں بھی ان کی تائید مضمر ہے - بہر حال میر صاحب نے کہا ہے کہ ابھی کچھ Incentive پیدا کرنے کی ضرورت ہے آپ لوگ اس طرف توجہ فرمائیں گے اور اگر آپ لوگ میر صاحب کو توجہ دلائیں گے تو وہ یہ وعدہ کرتے ہیں کہ ہر طرح سے بھرپور تعاون کریں گے -

(مداخلت)

جناب خورشید حسن میر : آپ جتنے cases بھی ہیں مجھے بتائیے - میں ساروں

کو واپس منگا کر وہاں کے لوگوں کو بھرتی کروں گا میں اعلانیہ کہتا ہوں کہ جتنے قلی بھی باہر سے بھرتی ہو کر وہاں گئے ہیں آپ مجھے مہربانی فرما کر بتائیں - میں سب کی واپسی کرادوں گا اور ان کی جگہ وہاں کے لوکل بھرتی کراؤں گا - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں - ویسے اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کو نوکری سے نکال دوں گا - ان کو یہاں کھپا دیں گے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** حاجی صاحب کیا آپ اس ریزولیوشن کو ان یقین دہانیوں کے بعد جو کہ میر صاحب نے فرمائی ہیں پریس کریں گے ؟

**حاجی سید حسین شاہ :** میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہاؤس کو یہ یقین دہانیاں کرائی ہیں اور میں ریزو لیوشن کو پریس نہیں کرتا -

**Mr. Deputy Chairman :** Resolution is dropped.

میرے خیال میں چونکہ آج جمعہ ہے اس لیے باقی باتیں next to day پر چلی جائیں گی کیوں کہ اب وقت نہیں ہے - اب کل کے لیے کیا ارادہ ہے لیڈر آف دی ہاوس اینڈ لیڈر آف دی اپوزیشن ؟

(آوازیں کل آرام کرنا چاہتے ہیں)

اگر کل آپ آرام فرمانا چاہتے ہیں تو پھر منڈے کے لیے ٹھیک ہے -

**سید قمر الزمان شاہ :** اگر Saturday جو ہے وہ پرائیویٹ ممبرز ڈے کر دیا جائے تو یہ جو دو ریزولیوشن رہ گئے ہیں - یہ discuss ہوجائیں گے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** دونوں فریق اس کے حق میں نہیں -

**Rao Abdus Sattar :** Ministers are not Present, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Senate is adjourned to meet on Tuesday at 5 p. m.

---

The House adjourned till five of the clock in the evening on Tuesday, August 20, 1974.

---